پشاور ڈیولپمنٹ اتھارٹی حیات آباد پشاور

اشتہار نیلامی برائے وصولی ایڈورٹائزمنٹ چارجز

پشاور ڈیولپمنٹ اتھارٹی عرصہ دس ماہ کیلئے (برائے میعاد 15 اکتوبر 2016 تا 15 اگست 2017ء) اپنے حدودات میں پول سائن بینرز سینیمرز، الیکٹرک پول سائن، بل بورڈ، ہورڈنگ ربلڈنگز روف ٹاپ پر نصب ہورڈنگ بورڈ ایڈورٹائزمنٹ چارجز فیس وصولی کیلئے بذریعہ کھلی بولی بمطابق پروگرام نیلام کرنا چاہتی ہے بولی کیلئے پیچیدہ شرائط درج ذیل ہے جبکہ مزید شرائط و معلومات پی ڈی اے کے ویب سائٹ www.pda.gkp.pk سے نیلامی کے دن سے ایک دن قبل تک ڈاؤن لوڈ کی جاسکتی ہیں۔

1. نیلامی میں حصہ لینے والے خواہشمند اشخاص کو بولی میں شرکت کیلئے 25 لاکھ روپے بصورت کال ڈیپازٹ ربینک ڈرافٹ بنام ڈائریکٹر جنرل پی ڈی اے بمع شناختی کارڈ کی کاپی کے ساتھ زیر دستخطی کے دفتر میں نیلامی سے ایک دن قبل سرکاری اوقات میں جمع کرانا ہوگا۔ کوئی بھی بولی ربڈفیکس یا ڈاک کے ذریعے قابل قبول نہ ہوگی۔ ناکام بولی دہندہ کو زربیعانہ رزرضمانت نیلامی کے بعد واپس کردی جائیگی جبکہ دوسرے اور تیسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کی زربیعانہ رزرضمانت نیلامی کی حتمی منظوری تک روک دی جائیگی کال ڈیپازٹ کا اجراء ضلع پشاور کے بینکوں سے ہونا ضروری ہے۔

2. کامیاب بولی دہندہ کال ڈیپازٹ کی جمع شدہ رقم کے علاوہ بولی کی کل رقم کا 10% فیصد بطور سیکورٹی ایڈوانس میں بولی کی منظوری کے سات دن کے اندر جمع کرانے کا پابند ہوگا۔ جو کہ کنٹریکٹ کی مدت ختم ہونے تک رکھی جائے گی۔ نیز نامکمل بولی ربڈ یا اس میں تحریف کی صورت میں بولی قابل قبول نہ ہوگی۔

3. بولی کی رقم کی آدائیگی ایڈوانس میں یکساں ماہانہ اقسط میں ہر ماہ کی دس (10) تاریخ تک وصول کی جائے گی۔ بصورت دیگر مذکورہ قسط پر اضافی 20% فیصد سرچارج بھی وصول کیا جائے گا۔

4. اس کے علاوہ کامیاب بولی دہندہ کو حکومت کی پالیسی کے عین مطابق تمام لاگو ضلعی، صوبائی و وفاقی ٹیکسیس بھی جمع کرنا ہونگے۔

5. ٹھیکدار رکنٹریکٹر ایڈورٹائزمنٹ چارجز کی وصولی پی ڈی اے کے منظور شدہ ریٹس کے مطابق وصول کرنے کا حق دار ہوگا۔

6. نیلامی کی حتمی منظوری کا اختیار مجاز اتھارٹی کو حاصل ہوگا نیز انہیں یہ اختیار بھی ہوگا کہ وہ کوئی وجہ بتائے بغیر بولی منظور یا نامنظور یا جملہ نیلامی منسوخ کردے۔

7. دیگر شرائط اور تفصیلات برائے نیلامی دفتری اوقات کے دوران پشاور ڈیولپمنٹ اتھارٹی میں (ڈائریکٹر انجینئرنگ روڈ-III) کے دفتر سے یا پی ڈی اے کی ویب سائٹ سے ملاحظہ کی جاسکتی ہیں۔

8. بولی دہندہ منظوری کے بعد مندرجہ ذیل سڑکوں پر ایڈوارٹائزمنٹ میٹریل پے ایڈوارٹائزمنٹ چارجز وصول کرنے کا مجاز ہوگا۔

   ۱) جمرود روڈ۔ کارخانو مارکیٹ (پھاٹک) سے لے کر شل پمپ گورا قبرستان یعنی کنٹونمنٹ کے حدودات تک

   ۲) جی ٹی روڈ۔ ملک سعد فلائی اوور سے لیکر NIPA آفس ترناب تک۔

   ۳) رنگ روڈ۔ حیات آباد فیز ٹو پل سے لیکر چارسدہ روڈ جنکشن تک۔

   ۴) ارباب سکندر خان فلائی اوور

   ۵) ملک سعد فلائی اوور

   ۶) مفتی محمود فلائی اوور

   ۷) باب پشاور فلائی اوور

9. نیلامی ٹھیکہ میں پی ڈی اے کی طرف سے نصب شدہ ڈیجیٹل رالیکٹرانکس سکرین شامل نہیں ہونگیں۔

10. نیلامی کے بقایا امور اور انتظامات کامیاب بولی دہندہ اور پشاور ڈیولپمنٹ اتھارٹی کے مابین بولی منظوری کے بعد باقاعدہ تحریری معاہدہ رایگریمنٹ ہوگا اور اس کے علاوہ حکومت یا کسی عدالت سے جاری کردہ حکم یا پالیسی ٹھیکدار ماننے کا پابند ہوگا۔

11. نیلامی کی جگہ میں صرف ان افراد کو آنے کی اجازت ہوگی جنہوں نے مقررہ تاریخ سے ایک دن قبل تک درخواست بمعہ کال ڈیپازٹ اور اپنے CNIC کی کاپی جمع کرائی ہوں۔ ان افراد کو بولی میں حصہ لینے کی اجازت ہوگی جو کہ پچھلے ٹھیکہ میں کسی طور پر بھی ڈیفالٹر نہ ہو۔

12. بولی دینے کی تاریخ اور وقت مورخہ 05/10/2016 بوقت دن 11:00 بجے دفتر ہذا میں منعقد ہوگی اگر کسی وجہ سے بولی مقررہ تاریخ پر نہ ہوئی تو دوبارہ مورخہ 06/0/2016 بوقت دن 11:00 بجے اور سہ بارہ مورخہ 07/10/2016 بوقت دن 11:00 بجے کو دفتر ہذا میں منعقد ہوگی۔

ڈائریکٹر انجینئرنگ روڈ-III پشاور ڈیولپمنٹ اتھارٹی حیات آباد پشاور فون نمبر 341/ 9-9217026/091-9217074/091